حاشیہ [1] شیخانی قادری نے صراط سوی میں کہا ہے اور
حدیث مرفوع میں ہے حمد اللہ ہی کیلئے ہے جس نے ہم میں
اہل البیت کو حکمت بنایا ہے اس (حدیث) کو نکالا ہے احمد نے
مناقب میں یہاں تک کہ اس نے کہا اور اس میں کوئی ملامت نہیں
یعنی معاملہ بالکل صاف ہے کہ اہل البیت النبوی علیہم السلام قریش
کے خلاصہ میں سے ہیں یعنی اخص الخواص ہیں الی آخر۔ سید بخاری
جو کہ ماء عالم کے نام سے مشہور ہے نے تذکرۃ الابرار میں بیان
کیا ہے اور درود و سلام ہو نبی صلی اللہ علیہ وسلم امی پر کہ اس نے ذکر
کیا ہے اپنی اولاد کو بسبب انکے عالی مرتبہ ہونے اور شان میں قرآن
کے برابر ہونیکے۔ جہاں کہیں بھی اس نے (یوں) فرمایا ہے تحقیق
میں تم میں ثقلین (یعنی دو گرانقدر) کتاب اور اپنی عترت چھوڑے جا رہا
ہوں پس اگر تم نے ان دونوں سے تمسک کیا تو میرے بعد ہر گز
گمراہ نہیں ہو گے۔ (العبقات)

السيوطي في احياء الميت وفي الاساس في البدور
السافرة في الدر المنثور وفي الجامع الصغير
وفي الدر النثير وفي الخصائص الكبرى و
السمهودي في جواهر العقدين والروزبهان
في الرسالة الاعتقادية وشهاب الدين
القسطلاني في المواهب اللدنية وشمس الدين
العلقمي في الكوكب المنير وابن حجر المكي في
الصواعق وعلي المتقي في كنز العمال ومحمد
طاهر الفتني في مجمع البحار والميرزا المخدوم
الشريفي في النواقض وكمال الدين الجهرمي
في البراهين القاطعة وبدر الدين الرومي
في تاج الدرة وجمال الدين المحدث في
الفضائل الاربعين وعلي القاري في شرح
الشفاء وعبد الرؤف المناوي في فيض القدير
والملا يعقوب اللاهوري في رسالة العقائد
ونور الدين الحلبي الشافعي في انسان العيون
واحمد بن الفضل بن باكثير المكي في وسيلة
المآل ومحمود الشيخاني القادري في الصراط
السوي والسيد محمد البخاري في كتاب
تذكرة الابرار وعبد الحق الدهلوي في
مدارج النبوة وشهاب الدين الخفاجي
في نسيم الرياض والعزيزي البولاقي
في السراج المنير۔

سیوطی نے احیاء المیت اور اساس اور بدور سافرہ
اور در منثور اور جامع صغیر اور در نثیر اور
خصائص کبریٰ میں اور سمہودی نے جواہر العقدین
میں اور روزبہان نے رسالہ اعتقادیہ
میں اور شہاب الدین قسطلانی نے مواہب اللدنیہ
میں اور شمس الدین علقمی نے کوکب منیر میں
اور ابن حجر مکی نے صواعق میں اور علی
متقی نے کنز العمال میں اور محمد طاہر فتنی
نے مجمع البحار میں اور میرزا مخدوم شریفی نے
نواقض میں اور کمال الدین جہرمی نے
براہین قاطعہ میں اور بدر الدین رومی نے
تاج الدرۃ میں اور جمال الدین محدث نے
فضائل اربعین میں اور علی القاری نے
شرح شفا میں اور عبد الرؤف مناوی نے فیض القدیر
میں اور ملا یعقوب لاہوری نے رسالۃ العقائد میں
اور نور الدین حلبی شافعی نے انسان العیون میں
اور احمد بن فضل باکثیر مکی نے وسیلۃ المآل میں
اور محمود شیخانی قادری نے صراط سوی میں
اور سید محمد بخاری نے کتاب تذکرۃ الابرار میں
اور عبد الحق دہلوی نے مدارج النبوۃ میں
اور شہاب الدین خفاجی نے نسیم الریاض میں
اور عزیزی بولاقی نے سراج منیر
میں۔

والمقبلي[1] الصنعاني في ملحقات الابحاث المسددة[2] قال بعد نقل الحديث: وروايا مع شواهده متواترة معنًى والزرقاني المالكي في شرح للمواهب اللدنية وحسام الدين السهارنبري في المرافض وميرزا محمد البدخشاني في مفتاح النجا ورضي الدين الشامي في تنضيد العقود ومحمد صدر عالم في معارج العلا وولي الدين الدهلوي في ازالة الخفاء ومحمد اسماعيل الامير اليماني في الروضة في شرح التحفة ومحمد معين الدين السندي في كتاب دراسة اللبيب ومحمد

اور مقبلی صنعانی[1] نے ملحقات الابحاث مسددہ میں اس نے حدیث الثقلین نقل کرنے کے بعد کہا ہے: اور اس کی روایتیں مع اس کے شواہد دلیلوں کے متواتر میں ایک ہی معنی میں۔ اور زرقانی مالکی نے شرح مواہب دینیہ میں اور حسام الدین سہارنبوری نے مرافض میں اور میرزا محمد بدخشانی نے مفتاح النجا میں اور رضی الدین شامی نے تنضید العقود میں اور محمد صدر عالم نے معارج العلا میں اور ولی الدین دہلوی نے ازالۃ الخفا میں اور محمد اسماعیل امیر یمانی نے روضہ میں شرح تحفہ میں اور محمد معین الدین سندی نے کتاب دراسۃ اللبیب میں اور محمد بن

حاشیہ [1] وقال المقبلي الصنعاني انما اراد ان يجيبوا صلى الله عليه وسلم حين قال اني تارك فيكم الثقلين ان ما تمسكتم بهما لن تضلوا من بعدي ان الله اللطيف الخبير نبأني انهما لن يفترقا حتى يردا علىّ الحوض فانظروا كيف تخلفوني فيهما، و روايته مع شواهد متواترة معنًى، فاجاب هؤلاء نخلفك فيهما شر خلافة، من قدر على السيف فيستنقيد ومن لم يقدر فبلسانه وقلبه ومن تاخر زمانه كان بغضا منا والعيا آخر الاولين والآخرين فكان اعمهم جناية والله المستعان.

حاشیہ [1] اور مقبلی صنعانی نے کہا ہے: سوائے اس کے نہیں۔ اس نے چاہا ہے کہ وہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جواب دیں اور تعمیل حکم کیلئے آگے بڑھیں جس وقت کہ اس نے فرمایا۔ تحقیق میں تم میں ثقلین چھوڑ جانے والا ہوں اگر تم نے ان دونوں سے تمسک کیا تو تم میرے بعد ہرگز کبھی بھی گمراہ نہیں ہوگے کیونکہ خدا لطیف و خبیر نے مجھے خبر دی ہے کہ تحقیق وہ دونوں (یعنی کتاب خدا اور میری عترت اہل بیت) آپس میں جدا نہ ہونگیں جب تک کہ وہ میرے پاس حوض پر وارد نہ ہو جائیں۔ پس تم غور کرو کہ ان دونوں کے بارے میں کیونکر اور کس طرح میری قائم مقامی کروگے (یعنی ان دونوں سے تمسک کرنے میں میرے حکم پر کیا عمل کروگے) اور اس کی روایتیں مع اس کے شواہد و دلیلوں کے از روئے ایک ہی معنی کے متواتر ہیں پس انہوں نے جواب دیا ان دونوں کے بارے میں ہم تیری بہت بری جانشینی کریں گے جو تلوار پر قادر ہوا یا وہ قائد و حاکم بن جائیگا اور جو نہ ہو پر قادر نہ ہوا تو وہ زبان اور دل سے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھیگا اور جو بعد میں ہوا مانند ہمارے آجکل کے زمانہ میں تو پہلے اور پچھلوں سے بھی دشمنی میں سبقت لے جائے گا۔ پس ان سب کا عام مقصود ہی گناہ کرنا ہے۔

بن علی الصبان فی اسعاف الراغبین ومحمد مرتضی الزبیدی الواسطی فی تاج العروس واحمد العجیلی الشافعی فی ذخیرۃ المال

علی صبان نے اسعاف الراغبین میں اور محمد مرتضیٰ زبیدی واسطی نے تاج العروس میں اور احمد عجیلی شافعی نے ذخیرۃ المال میں۔

حاشیہ لہ قال احمد بن عبد القادر العجیلی الشافعی فی ذخیرۃ المال: تَعَلَّمُوا مِنْهُم وَقَدِّمُوهُم وَلَا تَجَاوَزُوا عَنْهُم وَعَظِّمُوهُم اما التعلم منهم فقد صح انهم معادن الحکمۃ وصحّ فی حدیث الثقلین فلا تقدّموها فتهلکوا ولا تعلّموهما فانهما اعلم منکم واما التقدیم لهم اولی بذلك واحق فی مواضع کثیرۃ منها الامامۃ الکبریٰ وتقدیمهم فی الدخول والخروج والمشی والکلام وغیرہ ذلك من امور العادات وقال ایضاً وان حملت مصحفاً فلا تقم لاحد من الوریٰ الا لهم ومن الاداب المستحسنۃ الشرعیۃ أن من کان المصحف الکریم بین یدیه وفی حجرہ لا یقوم لاحد ولو کان والدًا او عالمًا لشرف المصحف اما اولاد النبی صلی الله علیه وسلم فانه یقوم لهم والمصحف بین یدیه حالۃ القیام ادبًا للثقلین معًا لانهما لا یفترقان الی ورود الحوض من فرّق بینهما بهواہ وغفلته فرق الله شمله فی الدنیا والاخرۃ۔ وقال الخمراوی فی مشارق الانوار وفی روایۃ صححها الحاکم

حاشیہ لہ احمد بن عبد القادر عجیلی شافعی نے ذخیرۃ المال میں روایت کیا ہے: (رسول خدا نے فرمایا) ان سے سیکھو اور ان کو مقدم رکھو۔ ان سے درگذر کرو اور ان کی تعظیم کرو رہا یہ امر کہ ان سے سیکھنا تو وہ صحیح ہے کیونکہ وہ حکمت کی کان ہیں اور حدیث ثقلین میں صحیح ہے کہ تم ان دونوں سے آگے نہ بڑھو ورنہ تم ہلاک ہو جاؤ گے اور ان دونوں کو تم نہ سکھاؤ، کیونکہ وہ دونوں تم سے زیادہ عالم ہیں اور رہا یہ امر کہ ان کو مقدم کرنا پس وہ اس کیلئے بہتر ہیں اور بہت سے مقامات میں وہ سب سے زیادہ اہل ہیں انہیں سے امامت کبریٰ ہے اور ان کو داخل ہونے، نکلنے، راہ چلنے اور کلام کرنے اور ان کے علاوہ باقی عادات میں مقدم رکھنا اور نیز انہا نے فرمایا کہ اگر تو قرآن اٹھائے ہو تو تو نے مخلوق میں سے سوائے ان کے اور کسی کے لئے نہ اٹھنا اور اچھے آداب شرعیہ میں سے ہے کہ جس کسی کے ہاتھوں اور بغل میں مصحف ہو تو وہ کسی کیلئے نہ اٹھے خواہ اس کا والد اور عالم کیوں نہ ہو بسبب مصحف کی بزرگی کے لیکن اولاد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے اٹھنا ہوگا اور مصحف کو قیام کی حالت میں ساتھ لیکر بوجہ ثقلین کے ادب کے ایک ساتھ، کیونکہ وہ دونوں حوض پر وارد ہونے تک جدا نہ ہونگے پس جس کسی نے اپنی خواہش اور غفلت سے ان دونوں میں فرق کیا تو خدا اس کی جمعیت و وقار کو دنیا و آخرت میں پراگندہ کریگا۔ اور خمراوی نے مشارق الانوار میں کہا ہے اور روایت میں ہے کہ حاکم

ومحمد مبين اللكهنوي في وسيلة النجاة وجمال الدين المحدث اللكهنوي في تفريح الاحباب وعبد الرحيم الصفي پوري في منتهى الارب وولي الله اللكهنوي في مرآة المؤمنين ورشيد الدين خان الدهلوي في رسالة الحق المبين وعدوي الحمزاوي في مشارق الانوار وسليمان بن ابراهيم البلخي الحنفي المعاصر في ينابيع المودّة ومولوي صديق حسن خان المعاصر في السراج الوهاج في شرح الصحيح لمسلم

تنبيهات:

وينبغي التنبيه على امور.

الأول: انّا لا ننكر ورود النص في التمسك بالسنة السنية المحمدية [في مثل: كتاب الله وسنّتي] بل المراد ان تلك النصوص غير حديث الثقلين عليه بين فرق الاسلام

الثاني: ما اوردته في طي هذه الاوراق نعلم الله جل جلاله اني لم اُرد به الجدال

اور محمد مبین لکھنوی نے وسیلۃ النجات میں اور جمال الدین محدث لکھنوی نے تفریح الاحباب میں اور عبد الرحیم صفی پوری نے منتہی الارب میں اور ولی اللہ لکھنوی نے مرآۃ المومنین میں اور رشید الدین خان دھلوی نے رسالہ حق مبین میں اور عدوی حمزاوی نے مشارق الانوار میں اور سلیمان بن ابراہیم بلخی حنفی معاصر نے ینابیع المودۃ میں اور مولوی صدیق حسین خان معاصر نے سراج وہاج میں شرح صحیح مسلم میں۔

تنبیہات:

اور ان امور پر تنبیہ مناسب ہے

پہلا امر: بتحقیق ہم سنت سنیہ محمدیہ کے ساتھ تمسک کرنے کے بارے میں نص کے وارد ہونے میں منکر نہیں: [مثلاً کتاب اللہ وسنتی] - بلکہ مراد یہ ہے کہ تحقیق وہ حدیث ثقلین کے علاوہ نصوص میں جو کہ وارد ہیں مابین فرقہائے اسلام کے۔

دوسرا امر: جو کچھ میں نے ان اوراق کی لپیٹ میں وارد کیا ہے۔ اللہ جل جلالہٗ جانتا ہے کہ بتحقیق میرا

بقية حاشية ص۵۲ ـ على شرط الشيخين النجوم امان لاهل الارض من الغرق واهل بيتي امان لامتي من الاختلاف فاذا خالفتها قبيلة من العرب اختلفوا فصاروا حزب ابليس (العبقات)

(بقیہ حاشیہ ص۵۲) نے اس کو درست تسلیم کیا ہے دو بزرگوں کی شرط پر کہ ستارے زمین کے رہنے والوں کیلئے غرق ہونے سے امان ہیں اور میری اہل بیت میری امت کیلئے اختلاف سے امان ہیں پس جب عرب میں سے کوئی قبیلہ اسکی مخالفت کریگا تو وہ فرقہ فرقہ مختلف ہوکر شیطان کا گروہ بن جاویں گے (العبقات)

والاستحناء على ذكرته ايقاضاً للبصائر والابصار فان المومن مرآة المومن والمسلمون يد واحدة على من سواهم عصمنا الله من الزلل في القول والعمل .

الثالث : ما أودعته في هذه الرسالة من كلمات فطاحل اخواننا اهل السنة نقلته عن كتبهم واسانيدي الى ارباب تلك الكتب معنعنة متصلة موصولة ' بواسطة احد مشايخي الاعاظم - ادام الله تعالى ظله - الراوي عن علماء الاسلام بفرقهم المتشعبة من الامامية والحنفية والشافعية و المالكية والحنابلة والزيدية .

قد وقع الفراغ من هذه الرسالة في اليوم الخامس والعشرين من شهر شعبان المعظم سنة ١٣٧٠ وأنا فقير خدمة اهل العلم .

محمد قوام الدين القمي الوشنوي

والحمد لله رب العلمين والصلوة والسلام على سيد المرسلين وآله الطيبين الطاهرين قد فرغت بتوفيق الله من ترجمة حديث الثقلين اليوم يوم الاحد والثاني من شهر جمادي الثاني في سنة الثامنة وسبعين وثلث مائة بعد الف

ارادہ اس سے آپس میں جھگڑا کرنا اور دشمنی پیدا کرنا نہیں ہے . بلکہ میں نے اس کو بصیرتوں اور بینائیوں کو جگانے کیلئے بیان کیا ہے کیونکہ مومن دوسرے مومن کا شیشہ ہے اور تمام مسلمان اپنے غیر پر ایک متحدہ قوت ہیں خدا ہمکو قول و عمل میں لغزشوں سے بچائے

تیسرا امر : جو کچھ میں نے اس رسالہ میں اپنے بھائی اہل السنت کے بڑے بڑے علماء کے کلمات سے ودیعت کیا ہے تو میں نے اسے ان کی کتابوں سے نقل کیا ہے اور ان کتابوں کے ارباب کی طرف عن فلان عن فلان کی سند دیکر لگاتار اور جہاں تک روایت چلتی ہے وہاں تک پہنچایا ہے میرے بزرگوں میں سے ایک کے واسطے سے خدا اس کا سایہ ہمیشہ قائم رکھے جو کہ راوی ہے ان علماء اسلام کی طرف سے جو کہ امامیہ و حنفیہ و شافعیہ و مالکیہ و حنابلہ اور زیدیہ کے نام سے متفرق ہیں .

آج ماہ شعبان المعظم ۱۳۷۰ھ کی پچیسویں تاریخ کو اس رسالہ سے فراغت واقع ہوئی ہے اور اسکو تالیف کیا ہے اہل علم کے کمترین خادموں میں سے محمد قوام الدین قمی وشنوی نے .

اور

حمد اللہ ہی کیلئے ہے جو کہ تمام جہانوں کا پالنے والا ہے اور درود و سلام ہو تمام مرسلوں کے سردار اور انکی پاکیزہ آل پر خدا کی توفیق سے حدیث الثقلین کے ترجمہ سے آج بروز اتوار دوسری ماہ جمادی الثانی ۱۳۷۸ھ کو میں ناچیز ترین از متمسکین بالثقلین محب حسین کاظمی رخصدا

من الهجرة النبويّة صلى الله عليه وآله وسلّم — احقر المتمسكين بالثقلين محمد حسين الكاظمي عفا الله له الذنب بحق الثقلين ؟

اس کے گناہوں کو بطفیل ثقلین بخش دے)
فارغ ہوا ہوں

هٰذه التتمة المجملة للتامل والتدبر لاهل الفكر واولى الارباب

یہ مختصر سا تمتہ اہل عقل و فکر کے لئے ہے ۔

فَاِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. القرآن النحل)

(اے رسول) جب بھی تو قرآن پڑھے تو شیطان سنگسار کئے ہوئے سے خدا کی پناہ مانگ لیا کر۔ (قرآن سورۂ نحل)

وَكُلُّ اَمْرٍ لَمْ يُبْتَدَاْ بِبِسْمِ اللّٰهِ فَهُوَ الْاَبْتَرُ (الحديث)

اور جو کام بھی بسم اللہ کے بغیر شروع کیا ہے تو وہ مقطوع ہے ۔ ناکام ہے ۔ (حدیث)

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ . (الفاتحہ)

میں خدا سننے والے جاننے والے کی شیطان سنگسار کئے ہوئے سے پناہ لیتا ہوں ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۔ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ .

(شروع کرتا ہے یہ کام) خدا رحمت والے بہت رحم فرمانیوالے کے نام سے (شروع کیا)
حمد فقط تمام جہانوں کے پروردگار خدا ہی کیلئے ہے جو کہ رحمت والا بہت رحم فرمانیوالا ۔ دین کے دن کا مالک ہے ہم خاص کر تیری عبادت کرتے ہیں اور خاص کر تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں ہمیں سیدھے راستہ پر چلایا کر ۔
ان لوگوں کے راستہ پر جن پر تو نے انعام کیا ہے جو تمام غضب کئے ہوئیوں اور گمراہوں کے علاوہ ہیں یعنی وہ نہ تو مغضوب علیہم ہیں اور نہ ہی وہ گمراہ ہیں (الفاتحہ)

مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ (القرآن - الذاريات)

(ارشاد قدرت) میں نے جنوں اور انسانوں کو محض اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے ۔ (الذاریات)

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ نِ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ

بابرکت ہے وہ جس کے دست قدرت میں تمام ملک (کائنات) ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے وہ جس نے موت اور حیات کو اسلیے پیدا کیا ہے

وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ
عَمَلًا (القرآن الملک)
وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا
كُنَّا فِیْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ (القرآن الملک)
سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا
تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا
لَا يَعْلَمُوْنَ (القرآن - یٰس)
يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ
اَمْرِ رَبِّیْ ۔ مَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ
اِلَّا قَلِيْلًا ۔ (القرآن) .
اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ
فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۔ وَضَرَبَ لَنَا
مَثَلًا وَّنَسِیَ خَلْقَهٗ ط قَالَ مَنْ يُّحْيِ
الْعِظَامَ وَهِیَ رَمِيْمٌ ۔ قُلْ يُحْيِيْهَا
الَّذِیْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ
خَلْقٍ عَلِيْمُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ
الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ
تُوْقِدُوْنَ (القرآن - یٰس)
وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ
مِّنْ طِيْنٍ ۔ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِیْ
قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۔ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ
عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً
فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا

کہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے از روئے عمل کے کون سب سے زیادہ
اچھا ہے ۔ (الملک)
اور وہ (قیامت کے دن) کہیں گے کاش کہ ہم کسی کی سن لیتے یا خود ہی
سمجھ جاتے تو آج ہم دوزخیوں میں سے نہ ہوتے (الملک)
پاک ہے وہ ذات جس نے تمام جوڑے پیدا کئے ہیں انہیں سے
(۱) جو زمین اگاتی ہے یعنی زندہ اجسام) اور (۲) ان کے نفسوں میں
سے (یعنی نفس ناطقہ انسانی) اور (۳) انہیں سے جسے وہ نہیں جانتے
یعنی روح انسانی ۔ وہ تجھ سے روح کے بارے میں سوال کرتے
ہیں تو کہہ دے کہ وہ پروردگار کا ایک امر ہے اور تم اسکو سمجھ لینے
کیلئے علم نہیں رکھتے ۔ (القرآن)
کیا انسان نے غور نہیں کیا کہ تحقیق ہم نے اس کو نطفہ میں سے پیدا
کیا ہے اب وہ کھلم کھلا جھگڑالو ہے ، اور وہ اپنی خلقت کو بھول
گیا ہے اور ہمارے لیے مثالیں بیان کرتا ہے وہ کہتا ہے کہ کون
ہڈیوں کو زندہ کریگا جبکہ وہ گلی سڑی ہونگی تو کہدے انہیں وہی
زندہ کریگا کہ جس نے انہیں پہلی مرتبہ پیدا کیا تھا اور وہ ہر
مخلوق کو جانتا ہے اور وہ جس نے تمہارے لیے سبز درخت
سے آگ پیدا کی اور اب تم اس سے آگ بھڑکاتے
ہو ۔ (القرآن ۔ یٰسین)
اور ہم نے انسان کو خاک کے خلاصہ میں سے پیدا کیا ہے
پھر ہم نے اس خلاصہ کو نطفہ بنا کر ایک محفوظ جگہ میں رکھدیا
پھر ہم نے اس نطفہ کو ایک جونک کی شکل میں پیدا کر
دیا پھر ہم نے اس جونک کو ایک لوتھڑا پیدا کر
دیا ۔ پھر ہم نے اس لوتھڑے کو ہڈیاں پیدا کر دیا پھر ہم نے

الْعِظٰمَ لَحْمًا۔ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ۔
فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ ٥
(القرآن ۔ المومنون)

ان ہڈیوں کو گوشت کا لباس پہنایا پھر ہم نے اس کو ایک
دوسری خلقت میں پیدا کر دیا۔ پس بابرکت ہے خدا سب اچھا
خلق کرنیوالا (المومنون)

اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ
كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا (القرآن ۔ بنی اسرائیل)

تحقیق کان اور آنکھ اور دل۔ انہیں سے ہر ایک
کے متعلق سوال کیا جائیگا۔ (بنی اسرائیل)

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِیْرًا مِّنَ الْجِنِّ
وَالْاِنْسِ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ بِهَا
وَلَهُمْ اَعْیُنٌ لَّا یُبْصِرُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اٰذَانٌ
لَّا یَسْمَعُوْنَ بِهَا۔ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ
بَلْ هُمْ اَضَلُّ۔ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ۔
(القرآن الاعراف ۔ الجزء التاسع)

اور ہم نے جنوں اور انسانوں میں سے زیادہ تر کو پیدا کر
کے دوزخ کے لئے چھوڑ دیا ہے۔ اس لئے کہ
ان کے دل تو ہیں لیکن وہ ان سے سوچتے نہیں اور ان کی
آنکھیں تو ہیں لیکن وہ ان سے دیکھتے نہیں اور ان کے
کان تو ہیں لیکن ان سے سنتے نہیں۔ یہی تو مویشیوں
کے مانند ہیں بلکہ وہ بدترین ہیں۔ یہی تو اپنے مقصد
حیات سے غافل ہیں۔ (الاعراف)

قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ
وَالَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ۔ اِنَّمَا یَتَذَكَّرُ
اُولُوا الْاَلْبَابِ (القرآن ۔ الزمر)

آیا برابر ہیں جو جانتے ہیں اور جو نہیں جانتے سوائے
اس کے نہیں کہ اولوا الالباب (اہل عقل) ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں (الزمر)

لَیْسَ الْاِنْسَانُ اِنْسَانًا اِلَّا بِالتَّفْكِیْرِ اِلَّا
الْجَمَادُ وَهُوَ سَوَاءٌ۔

انسان انسان ہی نہیں مگر ساتھ سوچنے۔ غور و فکر کرنیکے ورنہ
وہ اور جماد (یعنی پتھر) برابر ہیں۔

فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ
فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ۔ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ
هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ
(القرآن ۔ الزمر الجزء ۲۳)

اے رسول میرے ان بندوں کو بشارت دیدو جو خوب
دھیان لگا کر بات سنتے ہیں تو اس میں سے سب سے اچھے
پر عمل کرتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہیں خدا نے
ہدایت دی ہے اور یہی تو اہل عقل ہیں۔ (الزمر)

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَیْكُمْ یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا
الشَّیْطٰنَ۔ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ وَّاَنِ
اعْبُدُوْنِیْ۔ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ۔ وَلَقَدْ

دن قیامت کے خدا فرمائیگا اے اولاد آدم کیا میں نے
تمہاری طرف عہد نہیں کیا تھا کہ تم شیطان کی عبادت نہ
کرنا۔ تحقیق وہ تمہارا کھلا دشمن ہے اور یہ کہ صرف میری

أَضَلَّ مِنكُمْ جِبِلًّا كَثِيرًا ۖ أَفَلَمْ تَكُونُوا
تَعْقِلُونَ. هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ
اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ. الْيَوْمَ
نَخْتِمُ عَلَىٰ أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ
وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ
(القرآن - یٰس)

وَإِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ
هَٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ (القرآن مریم الجزء ۱۶)

نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَ
رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ وَلَا يَزِيدُ الظَّالِمِينَ
إِلَّا خَسَارًا. (القرآن - بنی اسرائیل الجزء ۱۵)

فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ
(القرآن)

إِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ.
إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ غَفُورٌ (القرآن - الفاطر)

الٓمٓ ذَٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ
هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ الَّذِينَ - يُؤْمِنُونَ
بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا
رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ - وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ
بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن
قَبْلِكَ - وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ -
أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ وَ
أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (القرآن - البقرہ)

ہی عبادت کرنا۔ یہی سیدھی راہ ہے اور البتہ اس نے تم میں سے
بہت کو گمراہ کیا ہے تو آیا تم عقل نہیں رکھتے تھے اب یہ دوزخ
ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے آج تم انہیں داخل ہو جاؤ
بسبب اس کے جو تم انکار کرتے تھے آج ہم نے تمہارے منہوں
پر مہر لگا دی ہے اور جو تم کسب کیا کرتے تھے اسکے متعلق
تمہارے ہاتھ کلام کرینگے اور پاؤں گواہی دیں گے (یٰسین)

بیشک اللہ میرا بھی پروردگار ہے اور تمہارا بھی پروردگار ہے
پس تم اسی کی عبادت کرو۔ یہی سیدھا راستہ ہے (مریم)

جو کچھ ہم قرآن میں سے نازل کرتے ہیں وہ مومنین کیلئے تو شفا و
رحمت ہے اور ظالموں کو نہیں بڑھاتا۔ مگر خسارہ
میں (بنی اسرائیل)

اگر تم نہیں جانتے تو تم اہل الذکر (یعنی جاننے والوں) سے
پوچھ لیا کرو (القرآن)

اللہ کے بندوں میں سے صرف علماء ہی اللہ سے ڈرتے
ہیں بتحقیق اللہ ذی عزت بخشنے والا ہے (الفاطر)

الف لام میم۔ وہ کتاب ہے کہ جسمیں کسی قسم کے شک کی کوئی
گنجائش نہیں وہ ہدایت ہے ان پرہیزگاروں کیلئے جو غائب
پر ایمان رکھتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور امیں سے خرچ
کرتے ہیں جو ہم نے انہیں رزق دیا ہے اور وہ جو ایمان
لائے ہیں اس پر جو تیری طرف نازل کیا گیا ہے اور اس پہ
جو تجھ سے پہلے نازل کیا گیا ہے۔ درحالیکہ وہ آخرت پہ
یقین رکھتے ہیں۔ یہی ہیں وہ لوگ جو اپنے پروردگار کیطرف
سے ہدایت یافتہ اور نجات پانیوالے ہیں (البقرہ)

قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَالْبَصِیْرُ
اَمْ هَلْ تَسْتَوِی الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ
فَاِنَّمَا یَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ
الْمُتَّقِیْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا

(القرآن - مریم - الجزء ۱۶)

تو کہدے آیا اندھا اور بینا برابر ہو سکتے ہیں یا تاریکی اور
روشنی برابر ہو سکتی ہے سوائے اس کے نہیں کہ ہم نے اس
قرآن) کو تیری زبان کے ذریعہ آسان کیلیے تاکہ تو اسکے
ذریعہ پرہیزگاروں کو خوشخبری دے اور جھگڑالو قوم کو ڈرائے

(مریم)

اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِیْنَ (القرآن ۱۲ هود)

بیشک نیک انجام (آخرت میں) پرہیزگاروں کا ہی ہے (ہود)

اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ

(القرآن)

خدا صرف پرہیزگاروں ہی سے قبول کرتا ہے۔

(القرآن)

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا

(القرآن)

اے ہمارے رب ہمیں صرف پرہیزگاروں کا امام
بنانا۔ (القرآن)

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ۔

(القرآن الجزء ۳ آل عمران)

بیشک اللہ کے نزدیک صرف اسلام ہی دین ہے

(القرآن۔ آل عمران)

وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا
فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ
مِنَ الْخٰسِرِیْنَ (القرآن الجزء ۳ آل عمران)

اور جو کوئی اسلام کے بغیر دوسرا دین چاہیگا تو وہ ہرگز
اس سے قبول نہیں کیا جائیگا۔ وہ آخرت میں نقصان اٹھانے
والوں میں سے ہوگا۔ (آل عمران)

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا
بِاِذْنِ اللّٰهِ ۔ وَیَجْعَلُ الرِّجْسَ
عَلَی الَّذِیْنَ لَا یَعْقِلُوْنَ۔

(القرآن الجزء ۱۱ - یونس)

کسی نفس کے لیے بغیر اذن خدا کے ایمان لانا ممکن نہیں اور
جو عقل سے کام نہیں لیتے ان پر وہ پلیدی اور عذاب
مسلط کر دیتا ہے۔

(یونس)

اَلْاِیْمَانُ وَضْعُ شَیْءٍ فِیْ مَحَلِّهٖ
بِالْجَنَانِ وَاللِّسَانِ وَالْاَرْكَانِ
وَالظُّلْمُ وَضْعُ شَیْءٍ فِیْ غَیْرِ مَحَلِّهٖ

کسی چیز کو اس کے ٹھیک محل پر دل و زبان و اعضاء سے
رکھنا یعنی اعتقاداً و قولاً و فعلاً صحیح مقام پر رکھنا ایمان
ہے اور غیر محل پر رکھنا ظلم ہے اس لیے صحیح مقام پر رکھنے

وَاِذِ ابْتَلٰۤی اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ

اور جب ابراہیم کی اس کے پروردگار نے چند باتوں میں آزمائش کی

فَاَتَمَّهُنَّ ۔ قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ۔ قَالَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۔ قَالَ لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ ۔ (القرآن الجزء الاول ۔ البقرۃ)

تو اس نے انہیں پورا کر دیا تو اس نے اسے فرمایا تحقیق میں تجھے لوگوں امام بنانیوالا ہوں تو اس نے عرض کی اور آیا میری اولاد میں سے بھی بنائیگا فرمایا میرا یہ عہد (امام بنانیکا) ظالموں کو کوئی نہیں پہنچیگا (البقرہ)

قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِیْعًا ۔ فَاِمَّا یَاْتِیَنَّكُمْ مِّنِّیْ هُدًی فَمَنْ تَبِعَ هُدَایَ فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ۔ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ (القرآن الجزء الاول البقرۃ)

ہم نے کہا تم سب یہاں سے نیچے اُترو پس اب میرے پاس سے تمہاری طرف ہدایت آیا کرے گی تو جو کوئی میری ہدایت پر عمل کریگا تو نہ تو انہیں خوف ہوگا اور نہ ہی وہ محزون ہونگے اور جن لوگوں نے ہماری آیات کا انکار کیا اور انہیں جھٹلایا وہ دوزخی ہیں اور وہ ہمیشہ کیلئے اسمیں رہنے والے ہیں (البقرہ)

اَفَمَنْ یَّهْدِیْۤ اِلَی الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ یُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا یَهِدِّیْۤ اِلَّاۤ اَنْ یُّهْدٰی فَمَا لَكُمْ كَیْفَ تَحْكُمُوْنَ ۔ وَمَا یَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ۔ اِنَّ الظَّنَّ لَا یُغْنِیْ مِنَ الْحَقِّ شَیْـًٔا ۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ بِمَا یَفْعَلُوْنَ (القرآن الجزء ۱۱ ۔ یونس)

آیا وہ جو ہدایت کرتا ہے حق کیطرف سب سے زیادہ اس قابل ہے کہ اسکی پیروی کیجائے یا وہ جو خود ہدایت ہی نہیں پاتا جب تک کہ اس کو ہدایت نہ کیجائے ۔ تمہیں کیا ہوگیا ہے تم کیسے حکم لگاتے ہیں اور اُنمیں سے زیادہ تر ظن یعنی گمان پر ہی عمل کرتے ہیں ۔ یقیناً ظن حق سے کچھ بھی بے نیاز نہیں کرتا جو حق ہی ہے از ظن ظنّ ۔ بیشک اللہ اس کو جانتا ہے جو کام تم کرتے ہو (یونس)

اَلرَّحْمٰنُ ۔ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۔ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۔ عَلَّمَهُ الْبَیَانَ (القرآن الرحمٰن الجزء ۲۷)

رحمٰن نے قرآن تعلیم دیا ۔ انسان کو خلق کیا ۔ اس کو بیان سکھلایا ۔ (الرحمٰن)

اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِیْمٌ فِیْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ لَّا یَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ (القرآن ۔ الجزء ۲۷ ۔ الواقعۃ)

یقیناً وہ جو قرآن کریم ہے تو وہ ضرور ہی کتاب مکنون میں ہے سوائے ان کے جو پاک پیدا کیے گئے ہیں کوئی اور مس نہیں کرسکتا یعنی نہیں سمجھ سکتا اور نہ ہی قرآن کے عالم کامل ہونیکا دعوےٰ کرسکتا ہے (الواقعہ)

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا (القرآن الجزء ۲۲ - الاحزاب)

اے اہل بیت خدا کا یہی ارادہ ہے کہ تم سے رجس (یعنی ظاہرو باطنی نجاست) دور رکھے اور تمہیں پاک رکھے پاک رکھنے کا حق (الاحزاب)

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا (القرآن - الاحزاب)

تحقیق خدا اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں۔ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو تم بھی اس پر درود بھیجو۔ اور تم مان لو حق ماننے کا۔ (القرآن) الاحزاب

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ وَالْعَصْرِ إِنَّ الْإِنسَانَ لَفِي خُسْرٍ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ (الجزء ۳۰ - العصر)

خدا فرماتا ہے: قسم ہے مجھے عصر کی (اے محمدؐ) یقیناً تمام انسان ضرور ہی خسارہ (یعنی نقصان) میں ہیں سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور عمل صالحہ بجا لاتے رہے اور آپس میں حق اور صبر کی وصیت کرتے رہے۔ (العصر) *

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ - لَا تُصَلُّوا عَلَيَّ الصَّلَاةَ الْبَتْرَاءَ (حدیث رسولؐ)

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا - کہ تم مجھ پر دُم کٹا درود نہ بھیجو۔

نو

فَقَالُوا كَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْكَ الصَّلَاةَ يَا رَسُولَ اللَّهِ. فَقَالَ. قُولُوا - اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ! ہم کس طرح درود بھیجیں۔ فرمایا۔ تم کہو — خدایا تو محمد اور اس کی آل پر درود بھیج۔ (حدیث)

هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ (القرآن الجزء ۲۸ - الجمعة)

وہ جس نے مکہ کے رہنے والوں میں انہیں میں سے ایک کو رسول مبعوث فرمایا جو ان پر اسکی آیتیں تلاوت کرتا ہے۔ اور ان کے اخلاق کی درستی فرماتا ہے اور انہیں کتاب و حکمت تعلیم دیتا ہے۔ (الجمعہ)

* نوٹ (نکتہ قابل غور) وہ کونسی عصر ہے جو خدا اور رسول کے نزدیک نہایت ہی اہم اور قسم کھا لینے کے قابل ہے کہ اسمیں کچھ لوگوں نے اپنے ایمان کا عملی ثبوت دیا ہے اور انہوں نے اعمال صالحہ بجا لائے ہیں اور آپس میں ایک دوسرے کو حق و صبر کی وصیت کی ہے۔

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَاءُ ۔ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۔ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّا اُولُوا الْاَلْبَابِ (القرآن الجزء ۳ ۔ البقرۃ)

اور اللہ وسعت والا جاننے والا حکمت عطا کرتا ہے جسے وہ چاہتا ہے اور جو حکمت عطا کیا گیا تو وہ خیر کثیر عطا کیا گیا ہے۔ سوائے اہل عقل کے کوئی نصیحت نہیں حاصل کرتا۔

(البقرہ پارہ ۳)

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۨ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۔ فَمَنْ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ فَاِنَّمَا اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ۔ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (القرآن الجزء ۲ البقرۃ)

تم پر فرض کیا گیا ہے کہ جب تم میں سے کسی کو موت حاضر ہو تو اگر وہ کوئی خیر چھوڑے تو وہ والدین اور قریبیوں کیلئے بھلائی کے ساتھ وصیت کرے اور ایسا کرنا پرہیزگاروں پر حق ہے پس جو اسے بعد سننے کے بدل دے تو اس کا گناہ ان لوگوں پر ہے جو اسے بدل دیتے ہیں۔ بے شک خدا سننے والا جاننے والا ہے۔

(البقرہ پارہ ۲)

اِنِّيْ تَارِكٌ فِيْكُمُ الثَّقَلَيْنِ كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِيْ اَهْلَبَيْتِيْ فَاِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدِيْ وَاِنَّهُمَا لَنْ يَفْتَرِقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَىَّ الْحَوْضَ ۔ اَىِ الْكَوْثَرَ ۔ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔ (حدیث)

تحقیق میں تم میں ثقلین (دو گرانقدر) کتاب خدا اور اپنی عترت جو میری اہل بیت ہے چھوڑنے والا ہوں اگر تم نے ان دونوں سے تمسک کیا تو تم میرے بعد ہرگز گمراہ نہیں ہو گے اور وہ دونوں جدا نہ ہوں گی جب تک کہ وہ میرے پاس قیامت کے دن حوض کوثر پر نہ پہنچ جاویں

(حدیث)

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ۔ (القرآن الجزء ۱۱ ۔ توبۃ)

اے لوگو جو ایمان لائے ہو تم خدا سے ڈرو اور سچوں کا ساتھ دو۔

(توبہ)

لا یکون المؤمن مع الصادقین
حتّٰی یکون متقیًا ۔ والصّادقون
فهم ائمۃ المتّقین ویدل علیه
قول الانبیآء ۔ ربنا واجعلنا
للمتقین اماما ۔

اَلصَّادِقُ مَنْ صَدَقَ لِسَانُهٗ
وَجَنَانُهٗ وَدِمَاغُهٗ وَرُوْحُهٗ
اَمَّا صِدْقُ اللِّسَانِ تَطْهِیْرُهٗ
مِنَ الْکِذْبِ وَصِدْقُ الْجَنَانِ
تَطْهِیْرُهٗ مِنَ الرَّیْبِ وَصِدْقُ
الدِّمَاغِ تَطْهِیْرُهٗ مِنَ الْوَهْمِ وَ
صِدْقُ الرُّوْحِ تَطْهِیْرُهٗ مِنَ الشِّرْکِ
وَلَا تُفِیْدُ الطَّهَارَاتُ الثَّلٰثَۃُ الْاُوْلٰی
اِلَّا اَنْ تَکُوْنَ ۔ مَعَهَا الطَّهَارَۃُ الرَّابِعَۃُ
وَهِیَ لَا تَحْصُلُ اِلَّا لِمَنْ لَمْ یُشْرِكْ
بِاللّٰهِ طَرْفَۃَ عَیْنٍ اَبَدًا ۔
اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ
عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَ
کُمْ تَطْهِیْرًا (الاحزاب)

صِدْقُ الْخَبَرِ مُطَابَقَتُهٗ لِلْوَاقِعِ
مَعَ الْاِعْتِقَادِ وَعَدَمُهَا عَدَمُهٗ
(تلخیص المفتاح)

وَدَلِیْلٌ عَلَیْهِ قَوْلُهٗ سُبْحَانَهٗ ۔

یعنی کوئی مومن جب تک کہ وہ متقی نہ ہو ہرگز سچوں کا
ساتھی (یعنی ائمہ کا ماموم) نہیں ہو سکتا اور سچے صرف
پرہیزگاروں ہی کے امام ہیں
انبیاء کا قول "اے ہمارے پروردگار ہمیں پرہیزگاروں
ہی کا امام بنانا" اس پر دلیل ہے ۔

سچا وہ ہے جس کی زبان سچی ہو دل سچا ہو اور دماغ سچا ہو
اور روح سچی ہو ۔ لیکن زبان کی سچائی
یہ ہے کہ جھوٹ سے پاک ہو ۔ اور دل
کی سچائی یہ ہے کہ شک سے پاک ہو
اور دماغ کی سچائی یہ ہے ۔ کہ
وہم سے پاک ہو اور روح کی سچائی
یہ ہے کہ شرک سے پاک ہو اور یہ
تین پہلی طہارتیں فائدہ نہیں دے سکتیں
جب تک کہ چوتھی طہارت (روح کی سچائی) ان کے
ساتھ نہ ہو اور یہ چوتھی طہارت ثابت نہیں ہوتی مگر اس
کے حق میں جس نے آنکھ جھپکنے کے برابر بھی کبھی شرک نہ کیا ہو
لہٰذا ۔ اس کلام سے یہ نتیجہ نکلا کہ اب سچا بننا کسی کے اپنے
اختیار میں نہیں جب ایسا ہے تو ایسے سچے وہی ہیں جنکو خدا نے
ایسے پیدا کر دیا ہے اور قرآن میں اس پر نص فرما دی ہے
"پس خدا کا یہی ارادہ ہے اے اہل البیت کہ تم سے رجس کو دور رکھے
اور تمہیں پاک رکھے پاک رکھنے کا حق" (الاحزاب)

اور کسی خبر کا سچا ہونا یہ ہے کہ وہ عین واقع کے مطابق ہو
اور خبر دینے والے کا اس پر دل سے اعتقاد
بھی ہو ۔ (تلخیص)

اور اس پر خدا پاک کا قول دلالت کرتا ہے وہ فرماتا

۱؎ اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ (المنافقون الجزء ۲۸)

اے رسُول جب منافق تیرے پاس آتے ہیں تو وہ کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں کہ یقیناً تو ضرور ہی خدا کا رسُول ہے اور اللہ بھی یہ جانتا ہے کہ تو ضرور ہی اسکا رسول ہے اور اللہ یہ بھی گواہی دیتا ہے کہ بتحقیق منافق ضرور ہی جھوٹے ہیں (المنافقون پارہ ۲۸) ۔

اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا ۙ (النساء الجزء الخامس)

بیشک اللہ تمام منافقوں اور کافروں کو دوزخ میں جمع کرنیوالا ہے ۔ پ۵ رکوع ۱۷ ۔ النساء) اس سے ثابت ہے کہ کافر اور منافق دوزخ سے باہر نہ رہیگا اور ان میں سے کوئی بھی جنت میں نہیں جائیگا ۔

۲؎ لِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ (المنافقون ۲۸)

عزت اللہ ہی کیلئے ہے اور اس کے ایک رسول (محمد مصطفٰے) کیلئے اور مومنین کیلئے ہے اور لیکن منافق (اسکو) نہیں جانتے (المنافقون پ۲۸) ۔

سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ ۔ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ...... الخ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۔ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ۔ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ سَلٰمٌ عَلٰى اِلْيَاسِيْنَ ۔ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ۔ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ (الصّٰفّٰت ۲۳)

تمام جہانوں میں نوحؑ پر سلام ہو ۔ ہم اسی طرح احسان کرنے والوں کو جزا دیا کرتے ہیں ۔ بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے ہے ۔ اور بیشک ضرور ہی ابراہیمؑ اس (یعنی نوح علیہ السلام) کے شیعوں میں سے ہے بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے ہے ۔ سلام ہو موسٰیؑ اور ھرونؑ پر یقیناً ہم اسی طرح احسان کرنے والوں کو بدلہ دیا کرتے ہیں ۔ بیشک وہ دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے ہیں ۔ سلام ہو الیاسؑ پر ۔ بیشک ہم اسی طرح نیکو کاروں کو بدلہ دیا کرتے ہیں ۔ بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے ہے ۔ (الصّٰفّٰت)

۱؎ ان سے معلوم ہوا کہ منافق جو دل میں کچھ رکھتے ہیں وہ زبان پر ظاہر نہیں کرتے ... ان کا اعتقاد نہیں تھا اس لئے ہی ... جو زبان سے اقرار کرتا

۲؎ اس آیت سے معلوم ہوا کہ صرف خدا اور اسکے رسول اور مومنین کیلئے ہی عزت ہے پس جو کوئی مومن نہیں تو وہ خدا کے نزدیک ذی عزت نہیں لہٰذا تمام انبیاء سوائے اہلبیتؑ کے مومنین کے زمرہ میں شامل ہیں اور سورۃ والصّٰفّٰت کی آیات ذیل اسکی تصدیق کرتی ہیں ۔

سَلِّمْ عَلِيًّا بِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ
وَقُلْ لَهٗ اِنِّيْ اُحِبُّهٗ وَاُحِبُّ
مَنْ يُحِبُّهٗ وَمِنْ حُبِّيْ بِهٖ
اشْتَقَقْتُ اِسْمَهٗ مِنْ اِسْمِيْ
فَهُوَ عَلِيٌّ وَاَنَا الْاَعْلٰى وَاَنْتَ مُحَمَّدٌ
وَاَنَا الْمَحْمُوْدُ.

(حدیقة السید احمد اردبیلی)

روی السید احمد اردبیلی
فِی الحدیقة اَنَّهٗ سَلَّمَ رَجُلٌ
حَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ بِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ
فَقَالَ الْحَسَنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ
فَقَدْ كَفَرْتَ بِهٰذَا الْخِطَابِ
الْحَقِّ. لَسْتُ اَنَا بِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ
هٰذَا الْاِسْمُ لَمْ يُسَمَّ بِهٖ
مِنْ قَبْلِ عَلِيٍّ وَلَا بَعْدَهٗ
اِلَّا الْمُنَافِقُ. لِاَنَّ الْمُنَافِقِيْنَ
لَا يَعْلَمُوْنَ

کتاب حدیقہ میں سید احمد اردبیلی نے روایت کی ہے کہ جب حضور سرور کائنات معراج میں عرش پر تشریف لے گئے تو خدا نے حضور کو فرمایا کہ میرا سلام علی کو امیرالمومنین کہکر دو اور اسکو کہنا کہ میں اسے دوست رکھتا ہوں اور اسے بھی دوست رکھتا ہوں جو اسے دوست رکھتا ہے اور میں نے بسبب اپنی محبت کے جو مجھے اس کے ساتھ ہے میں نے اس کا نام اپنے نام میں سے نکالا ہے پس وہ علی ہے اور میں اعلیٰ ہوں اور تو محمد ہے اور میں محمود ہوں۔

سید احمد اردبیلی نے حدیقہ میں یہ بھی روایت کی ہے کہ ایک شخص نے فرط محبت میں حضرت امام حسن علیہ السلام کو امیرالمومنین کہکر سلام دیا تو حضرت نے فرمایا کہ تو مجھے اس خطاب کے ساتھ سلام کرنے سے کافر ہو گیا ہے۔ کیونکہ میں امیرالمومنین نہیں ہوں اور یہ نام امیرالمومنین وہ ہے کہ نہ تو علیؑ سے پہلے اور نہ ہی بعد کسی کا ہو گا سوائے منافق کے کہ وہ اس نام کو اپنائے گا کیونکہ منافق ہی تو نہیں جانتے کہ عزت کس کے لئے ہے۔

(الاستدلال)

لما کان امیرالمؤمنین
غیراللّٰه وغیر رسوله الکریم
لقد کان .... من المومنین
وانه لا یکون الا الاعلم منهم

(استدلال)

جبکہ امیرالمومنین نہ تو خدا ہی ہے۔ اور نہ ہی اس کا رسول۔ تو وہ یقیناً مومنین میں ہی سے ہے اور وہ بھی وہ جو سوائے خدا اور رسول کے سب

بعد الرسول۔ وایضاً لما کان جمیع الانبیاء من آدم الی عیسٰی من المؤمنین ولم یکن منهم احدٌ عالم القرآن۔ وان ذالک الحق لا یستوی الکتاب من الکتب السماویة المنزلة علی الانبیاء من حیث العلم بالقرآن المنزل علیٰ سید الانبیاء۔ لهذا کل من علماء القرآن علّمه الله قبل تخلیق الانسان اعلم وافضل من کل عالم لیس بعالم القرآن لو کان نبیًا ومرسلاً۔

سے زیادہ عالم ہو اور تمام انبیاء از حضرت آدم تا عیسٰی بھی مومن ہیں۔ اور ان میں سے کوئی بھی عالم قرآن نہیں۔ اور از روئے علم کے قرآن کے برابر اور کوئی کتاب نہیں۔ لهذا ہر عالم قرآن جس کو خدا نے حضرت آدم کی خلقت بلکہ اُس کی اپنی انسانی خلقت سے بھی پہلے علم قرآن تعلیم دیا ہُوا ہے۔ افضل ہے ہر اس عالم سے جو کہ عالم قرآن نہیں۔ خواہ وہ نبی و مرسل کیوں نہ ہو۔

وقال الله سبحانهٗ۔ الرّحمٰن علّم القرآن۔ خلق الانسان، علّمه البیان۔ وقال سید الانبیاء کنت نبیًا وآدم بین الماء والطین۔ وایضاً قال۔ اوّل ما خلق الله نوری۔ وانا وعلیؑ من نور واحد وکان نورنا واحدًا حتّٰی نزل نوری فی جبهة عبدالله ونور علیؑ

خدا پاک نے فرمایا ہے۔ رحمٰن نے قرآن تعلیم دیا۔ انسان کو پیدا کیا۔ اس کو بیان سکھلایا اور سید الانبیاء نے فرمایا ہے میں تو اس وقت بھی نبی تھا۔ جبکہ آدم کا جسد ابھی پانی اور مٹی کے درمیان تھا۔ سب سے پہلے خدا نے میرا نور پیدا کیا ہے میں اور علی ایک ہی نور سے ہیں ہمارا نور ایک ہی تھا یہاں تک کہ میرا نور

فی جبهة عمران۔
وقال سبحانه وتعالیٰ۔ یقول
الذین کفروا لست مرسلاً
قل کفیٰ باللہ شهیداً بینی
وبینکم ومن عنده علم
الکتٰب ۔ وقال رسول اللہ
صلی اللہ علیه وآله وسلم
انا مدینة العلم وعلیؑ بابها
وانا دار الحکمة وعلیؑ بابها
فمن اراد العلم والحکمة
فلیأت بالباب ۔ فلا یکون
امیر المومنین الا علیؑ لانه
الاعلم بعد سید الانبیاء
وهو باب مدینة العلم
ودار الحکمة وهو ثانی
الاثنین الشهیدین وهو من
عنده علم الکتٰب فهذا
هو المقصود ۔ علیؑ مع القرآن
والقرآن مع علیؑ ۔ فهو ومن
ولده احد عشر اماماً فهم
احد الثقلین وهم المطهرون
الذین علمهم الرحمن القرآن
قبل خلقة الانسان و

عبداللہ کی پیشانی میں اترا اور علی کا نور عمران
المعروف ابوطالب کی پیشانی میں ۔
خدا پاک نے فرمایا ہے۔ کافر کہتے ہیں
کہ تو خدا کا مرسل نہیں۔ تو کہدے۔ کہ
گواہی کے لیے میرے اور تمہارے مابین کہ میں
خدا کا رسول ہوں ۔ ایک تو اللہ اور دوسرا
وہ جس کو کتاب کا کل علم حاصل ہے کافی ہیں ۔ اور
رسول خدا نے فرمایا کہ میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے
اور میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے جسکو علم وحکمت درکار
ہو وہ اس کے دروازے سے آئے پس سوائے علی کے کوئی امیر المومنین نہیں ہو
سکتا کیونکہ وہ سید الانبیاء کے بعد سب سے زیادہ عالم ہے اور
وہ علم کے شہر اور حکمت کے گھر کا دروازہ ہے اور وہ
خدا کے ساتھ رسول کی رسالت پر دوسرا گواہ ہے
اور وہ ہی من عنده علم الکتاب کا مصداق ہے پس علی
ہی امیر المومنین ہے۔ پس یہی مقصود ہے۔ کہ
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کہ علیؑ قرآن کے ساتھ ہے اور
قرآن علیؑ کے ساتھ ہے۔
پس وہ
اور اس کی اولاد میں سے گیارہ
امام ثقلین میں سے ایک ثقل ہیں
جنھیں رحمان نے قبل خلقت انسان
قرآن تعلیم کیا ہے ۔ ان کا علم

عِلْمُهُمُ الْكِتَابُ وَعَمَلُهُمُ الْمِيزَانُ اللَّذَانِ أَنْزَلَهُمَا اللهُ مَعَ رَسُولِهِ سَيِّدِ الْإِنْسِ وَالْجَانِّ .

۲ ـ جمادی الثانی ۱۳۷۸ھ

محب حسین الکاظمی

وہ کتاب ہے اور ان کا عمل وہ میزان ہے جسے خدا نے اپنے رسُول اور تمام جنّ و انس کے سردار کے ساتھ نازل کیا ہے ۔

۲ جمادی ثانی ۱۳۷۸ھ

حررّہ محب حسین کاظمی

کتاب کے ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے

- سیّد محب حسین کاظمی مترجم کتاب پیش نماز شیعان بھیر (سرگودہا)
- سیّد محمّد باقر کاظمی ناشر کتاب مکان ۲۸۶ بلاک بی سٹیلائٹ ٹاؤن سرگودہا
- سیّد وزیر حسین شیرازی خوشنویس بلاک نمبر ۱۹ ۔ سرگودھا
- مولوی غلام مہدی صاحب مدرس مدرسہ محمّدیہ بلاک نمبر ۱۹ سرگودھا

هدیہ کتاب ایک روپیہ علاوہ محصولڈاک

(ثنائی پریس سرگودھا) یکم اپریل ۱۹۵۹ء

چہاردہ معصومینؑ

مترجم انشاء اللہ جلدی ہی ایک اور
ایسی کتاب تالیف وشائع کرنیوالا ہے جو عقلاً ونقلاً
ثابت کردیگی کہ جنکی معیت اور اتباع کا خُدانے سورۃ توبہ
کی آیت کُونُوا مَعَ الصَّادِقِینَ میں اور رسولِ خُدانے حدیث
ثقلین میں حکم دیا ہے وہ چہاردہ معصومین علیہم السلام ہیں یعنی وہ نہ تو اس
سے زیادہ ہیں اور نہ ہی کم سوائے جاحد منکر کے اس کا کوئی
بھی انکار نہیں کرسکیگا۔